11/01/2026 07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں تجمل احمد۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*....... وزیر اعظم نریندر مودی کی ملک میں تقسیم کی سیاست کرنے والے عناصر سے خبر دار رہنے کی لوگوں سے تاکید۔

*....... نوجوانوں کی ذہن سازی میں قوم کا تابناک مستقبل مضمر// ایل جی منوج سنہا۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دستکاروں کو جموں کشمیر کی ثقافت کے سفیر دیا قرار// ہینڈی کرافٹس اورہینڈ لوم محکمے کے کلینڈر کی رسم اجرائی دی انجام ۔

اور

*....... سر حد پار کی سمگلنگ کے خدشے کے پیش نظر سرحدی علاقوں میں سکیورٹی کی نگرانی تیز ۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک میں تقسیم کی سیاست کرنے والے عناصرسے خبر داراور متحد رہنے کی تاکید کی ہے ۔ گُجرات کے Prabhas Patan میں سومناتھ سوابھیمان پرو پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ وکست بھارت کے منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے کندھے سے کندھا ملا کر آگے بڑھیں۔

............PM............

سومناتھ سوابھیمان پرو کو عقیدت کا ایک عکاس قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہاکہ یہ پرو محض تہوار نہیں ہے بلکہ سومناتھ مندر کی تاریخ کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ روحانی اور عقیدتی اعتبار سے کافی اہم ہے ۔

ایل جی یونیورسٹی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ نوجوانوں کی ذہن سازی سے ملک کے مستقبل کو تابناک بنایا جا سکتاہے ۔ جموں کے لوک بھون میں بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی راجوری کی نویں ایگزیکٹو کونسل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ایل جی نے یونیورسٹی کے موجودہ نصاب کا باریک بینی کے ساتھ جائزہ لینے کی ہدایت دی تاکہ یونیورسٹی کو اعلیٰ معیار کا ایک مرکز بنا یا

جا سکے ۔انہوننے ہر چھ ماہ کے بعد یونیورسٹی کا کنووکیشن اور ایگزیکٹو کونسل میٹنگ کے انعقادپر زور دیا۔

میٹنگ میں بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید اقبال ، جموں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اُمیش رائے، کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان اور ایل جی کے پرنسپل سیکریٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی موجود تھے۔

ایل جی خراج

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے ملک کے سابق وزیر اعظم لال بہادر شاستری کو ان کی برسی پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ ایک بیان میں ایل جی نے کہا کہ آنجہانی ایک مثالی لیڈر تھے جنہوننے کئی اصلاحات معرض وجود میںلائے۔انہوننے کہا ہے کہ لال بہادر شاستری دیانت داری اور سادگی کی ایک عظیم مثال تھے۔

عمر کلینڈر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک تقریب کے دوران ہینڈی کرافٹس اورہینڈ لوم محکمے کے سال2026کے کلینڈر کی رسم اجرائی انجام دی ۔

کلینڈر میں وادی کے ثقافتی ورثے اوردستکاروں کی لگن کی عکاسی کی گئی ہے۔ اس موقعے پر اپنے خیالا ت کا اظہا رکرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ دستکاروں کے ہاتھوں صدیوں پرانے فن کو آج بھی فروغ مل رہا ہے ۔ انہوں نے کہاکہ دستکار کشمیر کے فنون کو آگے لے جانے کے سفیر ہیں۔

اس موقعے پروزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ،محکمے کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام اور دیگرکئی شخصیات بھی موجود تھیں۔

CMمبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کھیلو انڈیا بیچ گیمز 2026میں Pencak Silat مقابلوں میں غیر معمولی کار کردگی کا مظاہرہ کرنے والی جموں کشمیر ٹیم کومبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ اس کامیابی سے جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کی لگن اور یو ٹی میں کھیل ڈھانچے کے فروغ کی عکاسی ہوتی ہے۔

چمپئن شپ میں سونے کے دو ، چاندی Pencak Silat واضح رہے کہ جموں کشمیر کی ٹیم نے کے دو اور کانسے کا ایک تمغہ جیت لیا۔

جاوید ڈار

ولیج لیول ورکرس کے ایک وفد نے آج جمونمیندیہی ترقی کے وزیر جاویداحمد ڈار کے ساتھ ملاقات کرکے اپنی تنخواہوں سے جڑے مسائل حل کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقعے پر وزیر موصوف نے ان کے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہاکہ ولیج لیول ورکرس دیہی ترقی کے عمل میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔

رانا

مختلف قبائلی طبقوں سے تعلق رکھنے والے کئی وفود نے آج جموں مینقبائیلی امور کے وزیر جاویداحمد رانا نے کے ساتھ ملاقات کرکے ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔وزیر نے قبائیلی طبقوں کیلئے شروع کی گئی فلاحی اسکیموں کے فوائد متعلقین تک پہنچانے کی افسروں کو ہدایت دی ۔

ستیش شرما

امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ ملک کا نوجوان طبقہ وکست بھارت کے منصوبے کو کامیابی کے ساتھ ہمکنار کرنے میں اہم رول ادا کرے گا ۔

نئی دلی کے بھارت منڈپم میں جاری وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ میں شرکت کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ یہ پروگرام نوجوانوں کو اپنے اختراعی خیالات ایک دوسرے کے ساتھ بانٹنے کا موقعہ فراہم کرتا ہے ۔

بعد میں وزیر موصوف نے دلی کرکٹ ایسو سی ایشن کے صدر روہن جیٹلی کے ساتھ بھی ملاقات کی۔

ینگ لیڈرس

نے Ghanushyam Machindra Patil اس ڈائیلاگ میں مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے آکاشوانی نیوز کےساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہا ر کیا۔

........Byte...........

جتندر سنگھ

اور موزی Genetic سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاہے کہ امراض پر قابو پانے میںان کی ہر وقت تشخیص اور علاج کا خرچہ برداشت کرنے جیسے چیلینج آڑے آجاتے ہیں۔

حیدر آباد میں National Skill Developmet Center, Skilling and Accessing Molecular Advancements in research and Technology for Health

کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ
SAMARTH۔بیماریوں کے تشخیصی عمل میں تفاوتوں کو دور کرنے میں کلیدی رول ادا کرے گا

جی رام جی

خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

-----MUSIC-----

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون " وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین" کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

راجوری کے ایک سرحدی گاؤں سے تعلق رکھنے والے گو رب شرما نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

--------Gaurab Sharma----

یہ ہیں پونچھ سے تعلق رکھنے والےگُردیپ سنگھ کے تاثرات۔

--------Gurdeep Singh--------

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

------Shivraj Singh------

-----MUSIC---------MUSIC-----

رام جی پہلو

وکست بھارت جی رام جی کے کئی مثبت پہلو ہیں جن پر لوگ اطمینان کا اظہا رکرتے ہیں ۔ اس قانون کے مطابق گرام پنچایت میں تمام کام منظور شدہ منصوبوں کے عین مطابق گرام سبھا منظور کرے گی ، جبکہ پنچایتی منصوبے کو کام کی تفویض کیلئے اصل بنیاد بنایا جائے گا۔اس قانون کے مطابق اب ایام کار ایک سو کے بجائے125کر دیئے گئے ہیں۔ تاہم بیروزگار الاؤنس کی فراہمی کیلئے مضبوط طریقہ کار ترتیب دیا گیا ہے۔قانون میں وقت پر مزدوری ادا کئے جانے کی گارنٹی دی گئی ہے ۔یہ سارا قانون ڈیجیٹل طریقے سے عملایا جائے گا ۔

وبودھ گپتا

علاقے میں پارٹی کارکنوں کا ایک اجلاس Dassal جموں کشمیر کے اہتمام سے راجوری کےBJP منعقد ہوا جس کی صدارت پارٹی لیڈر وبودھ گپتا نے کی ۔انہوں نے کہاکہ سرکار نے وکست بھارت جی رام جی قانون کو متعارف کرکے دیہی آبادی کی ترقی کی جانب ایک بہت بڑا قدم اٹھایا ہے۔

کانگریس

کی شدید نکتہ چینی BJP نریگاکو بقول ان کے ہدف تنقید بنانے پرMG پردیش کانگریس کمیٹی نے کی ہے ۔ سرینگر میں آج ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی سرینگر کی جانب سے دی گئی ایک پریس نریگا MG کانفرنس کے دوران ضلع پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر عادل فاروق میر نے کہا کہ نے بقول ان کے غلط BJPجموں کشمیر میں لاکھوں غریب کنبوں کو روزگار فراہم کرتی ہے اور پالیساں اپنا کر ایسے کنبوں کو مشکلات میں مبتلا کیا ہے۔

پریس کانفرنس سے پارٹی کے سینئر لیڈر نظام الدین بٹ اور دیگر لیڈروں نے بھی خطاب کیا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

-----Gong-----

نگرانی

سکیورٹی فورسز نے سرحد پار سے ہونے والی سمگلنگ کے بارے میں بڑھتی تشویش کے پیش نظر جموں کشمیر میں بین الاقوامی سرحد اور ایل او سی سے متصل علاقوں میں نگرانی تیز کر دی ہے ۔ گُریز ،اوڑی کرنا ہ اور ٹنگڈار سیکٹروں کے ساتھ ساتھ جموں خطے میں اہمیت کے حامل علاقوں سمیت کلیدی سرحدی خطوں میں سخت نگرانی کی جا رہی ہے۔سکیورٹی فورسز کسی بھی خطرے کا فوری اور موثر جواب دینے کیلئے پوری طرح سے تیار ہیں۔

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی سیرکی جانب راغب کرنے کیلئے وسیع پیمانے کی تشہیری مہم چلانے کے ساتھ ساتھ جگہ جگہ پر روڈ شوز کا بھی انعقاد کر رہا ہے۔ اس تعلق سے محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Qamar Sajad............

ادھر ان دنوں کافی تعداد میں سیاح وادی کا رُخ کرکے یہاں کے سرد موسم سے لطف اندوز ہو رہے ہیں خاص طور سے گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام میں سیاحوں کی بھیڑ دیکھنے کو مل رہی ہے۔کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

........Tourists........

بک فیئر

نئی دلی کے بھارت منڈپم میننیشنل بُک ٹرسٹ اور وزارت تعلیم کی طرف سے نیو دلی ورلڈ بُک فیئر2026 کا 53واں شمارہ جا ری ہے ۔اس 9 روزہ میلے میں 35ممالک سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار سے زائد ناشِر شرکت کرکے اپنی کتابوں کی نمائش کر رہے ہیں۔

ہے ۔ یہ ایک ڈیجیٹل لائبریری ہے جس e-pustakalaya اس سال اس میلے کا اہم جُز راشٹریہ کے ذریعے لوگونکوچھ ہزار ای کتابوں تک مفت رسائی حاصل ہوگی ۔

ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک TV اداکار نریش کول نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت جموں کشمیر کی وحدت اور شناخت کیلئے اپنے اصولوں پر قائم ہے۔انہوں نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں کشمیر کی خصوصی پوزیشن کی بحالی کو یقینی بنانے کیلئے اتحاد کو بنائے رکھیں۔

پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر شمیم فردوس نے آج سرینگرکے ملارٹہ علاقے کا دورہ کرکے وہاں آگ سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لیا۔موصوفہ نے متاثرہ کنبوں کے حق مینکانسٹی چیونسی ڈیولپمنٹ فنڈ میں سے پچاس ہزار روپے فی کنبہ امداد فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا۔

شاہین

جنتادل یونائٹیڈجموں کشمیرکے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ دلی اور کشمیر کے درمیان براہ راست ریل سروس شرو ع کی جانی چاہئے ۔انہوں نے ریلوے کے مرکزی وزیر سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس معاملے میں ذاتی مداخلت کریں ۔

آنند جین

ساتویں بٹالین IRPگھروٹاکا دورہ کرکے وہاںAmb آرمڈ پولیس آنند جین نےجموں صوبے کےADG اور باڈر فسٹ بٹالین کے کام اور ان کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوننے ان دو یونٹوں میں دستیاب سہولیات کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام ۔ ACB

------S.K Pathak-----

گرفتاری

منشیات کے خلاف اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سوپور میں عمر محمد ،ماجد اشرف خان، ناصر یوسف شاہ اور مصدق معراج نامی چار ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

ادھر پولیس نے کولگام میں آزاد احمد نائیکو نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔ گرفتار کئے گئے ان سمگلروں کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار برآمد کی گئی ہے ۔

جموں پولیس

جموں میں منشیات کے کارو بار کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ کشتواڑ کے نریش سنگھ نے کہا ہے کہ ضلع میں اس وباءکے خاتمے کیلئے پولیس انتہائی متحرک ہے ۔ SSP کشتواڑ میں پولیس نے محمد رجب ، عمر علی وازہ ، عبدالمجید اور سلمان نثار شیخ نامی ڈرگ درج کئے گئے ہیں۔ اس دوران پولیس نے آر ایس پورہ جموں میں سنیل FIR سمگلروں کے خلاف چودھری اور میران صاحب علاقے میں انیل کمار نامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

ادھمپور میں مانیک اوبرائے نامی ڈرگ سمگلرکو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے۔

جموں پولیس نے سانبہ ضلع کے پلوڑہ تحصیل میں کچھ ہتھیار بر آمد کئے ہیں ۔ پولیس کے مطابق یہ ہتھیار سرحد پار سے ڈرون کے ذریعے اس علاقے میں گرائے گئے تھے۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کارروائیوں کی سراہنا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر موثر تلاشی کارروائیوں کے ذریعے ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جانے چاہیں۔

پروگرام اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ کل اور پرسوں یعنی سوموار اور منگلور کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

خواہشمند افراد دئے گئے نمبر پر کال کر کے اپنے مسائل یا شکایات ریکارڈ کر وا سکتے ہیں ۔ کے ذریعہ بھیجی جا Voice Message شکایات ہمارے ای میل ایڈریس پر بھی تحریری طور یا سکتی ہےں ۔ ای میل ایڈریس ہے۔

radiokashmir@gmail.com

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

پریکشا پہ چرچا

اس سال کی پریکشا پہ چرچا کیلئے اب تک چار کروڑ سے زیادہ رجسٹریشنز ہوئی ہیں جو اپنے آپ میں ایک ریکارڈ ہے۔ تعلیم کے مرکزی وزیردھر میندر پردھان نے طالب علموں سے تاکید کی ہے کہ وہ اس پروگرام میں جوش اور جذبے کے ساتھ شرکت کریں ۔

واضح رہے کہ یہ پروگرام طالب علموں پر امتحانات کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے ہر سال منعقد ہوتا ہے اور اس پروگرام میں وزیر اعظم طلباءکے ساتھ براہ راست بات کرتے ہیں۔

سندھیا

مواصلات کے مرکزی وزیر جوتی رادتیہ سندھیا نے سپیڈ پوسٹ24اور سپیڈ پوسٹ48نامی دو انڈیا پوسٹ خدمات متعارف کرنے کا اعلان کیا ہے۔ سپیڈ پوسٹ24کے تحت کسی بھی پیکٹ کی ڈیلوری چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر کی جائے گی جبکہ سپیڈ پوسٹ48کے تحت 48گھنٹوں کے اندر ڈیلوری کو یقینی بنایا جائے گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت11اعشاریہ9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت11 اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر37منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر42منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ۔